نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سرآغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے آندھی اور بارشوں کے دوران فصلات کی دیکھ بھال کے لئے سفارشات جاری کردیں

لاہور:19اپریل2022( )ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہاہے کہ موجودہ موسمی حالات میں بے موسمی بارشوں اور آندھی کے باعث گندم،مکئی اور چارہ کی فصلات متاثر ہونے کا اندیشہ موجود ہوتا ہے لہذٰا کاشتکار اپنی فصلات کی دیکھ بھال کے لئے ریڈیو اور ٹیلی ویژن سے نشر ہونے والے موسمی پیغامات کو توجہ سے سنیں اور اگر بارش یا آندھی کا خطرہ ہو تو گندم کی کٹائی روک دیں اور کٹی ہوئی گندم کو ترپال یا شیٹ لے کر ڈھانپ دیں۔بارش رکنے کے بعد گیلی گندم کو چبوترے پر ڈال کر دھوپ لگوائیں۔کاشتکار گندم کی کٹائی فصل کے پوری طرح پکنے پر شروع کریں۔کاشتکار گندم کی کٹائی کے بعد بھریاں قدرے چھوٹی باندھیں اور سٹوں کا رُخ اوپر کی طرف رکھیں۔کھلواڑے چھوٹے رکھیں اور اونچے کھیتوں میں کھلیان لگائیں اور پانی کی نکاسی کے لئے اردگرد کھالی بنائیں۔ترجمان نے مزید بتایا کہ گندم کی کٹائی کیلئے سب سے بہترین مشین کمبائن ہارویسٹر ہے جس کے استعمال سے کافی حد تک پیداوار کے ہونے والے نقصان کو کم کیا جا سکتا ہے۔ترجمان نے مزید بتایا کہ مکئی کے کاشتکار اپنے کھیتوں سے بارش کا پانی ساتھ موجود خالی کھیت میں منتقل کریں تاکہ مرطوب موسم کے باعث مکئی کے پودے مرنے سے محفوظ رہیں نیز مرطوب موسم میں مکئی کے پودوں پر کیڑے مکوڑوں اور بیماریوں کا خطرہ بھی موجود ہوتا ہے اس لئے کاشتکار محکمہ زراعت کے مقامی عملے کے مشورہ سے انتظامات کریں۔چارہ کی فصلات سے بھی پانی خالی کھیتوں میں یا فصل کے اردگرد کھائی کھود کر زائد پانی کو کھائی میں منتقل کردیں

☆☆☆☆